ساغر اقبالی طنزومزاح

زبان میری ہے بات ان کی

موٹروے پر میری اور میاں صاحب کی گاڑی چل سکتی ہے عوام کی نہیں۔ (لغاری)

○ گویا عوام کا نقصان آپ دونوں کی قدرِ مشترک ہے۔

ڈپٹی کمشنر اور اے سی ڈانس پارٹی میں لڑ پڑے۔ دونوں معطل۔ (ایک خبر)

○ کس کہ نگاہ ناز سے دونوں مراد پا گئے؟

لوٹا کریسی قائد اعظم کے اقدامات سے شروع ہوئی۔ (ولی خان)

○ قائد اعظم کے وارث جواب دیں۔

ناقص کارکردگی پر ملتان کے سات ڈی ایس پی صاحبان کو وارننگ۔ (ایک خبر)

○ بہت کڑی سزا ہے!

سرگودھا میں ایم پی اے کے خلاف نرسوں کا جلوس۔ (ایک خبر)

○ کیا فرق پڑتا ہے۔ ایم پی اے ہے، کوئی مذاق تو نہیں۔

فیصل آباد میں دہشت گردی کا نشانہ بننے والے سپرد خاک کردیئے گئے۔ (ایک خبر)

○ دہشت گردوں کو کون سپردِ خاک کریگا؟

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی کہا ہے، ظلم کا مقابلہ نہ کرسکو تو ہجرت کر جاؤ۔ (بے نظیر)

○ آپ کو بھی نبی کا واسطہ ہے پاکستان سے ہجرت کر جائیں۔

گندم کی خورد برد کے الزام میں ڈسٹرکٹ فوڈ کنٹرولر گرفتار۔ (ایک خبر)

○ تعجب تو تب ہوتا جب فوڈ کنٹرولر سونا خورد برد کرتا!

تین انسپکٹر ڈی ایس پی بنا دئے گئے۔ (ایک خبر)

○ جرائم کی سرپرستی پر ترقی دے دی گئی۔

ملک زیادہ انتظار نہیں کرسکتا۔ سیاسی جماعت کا جلد اعلان کروں گا۔ (لغار ر

○ لٹیروں کے آگے جہاں اور بھی ہیں۔

بادشاہی مسجد میں ۲۶ سال سے خطیب ہوں۔ خواہش ہے یہیں دفن ہوں (مولانا عبدالقادر آزاد)

○ یہاں تو سکندر حیات بھی دفن ہے۔

قائد اعظم پر تنقید گناہ نہیں۔ (فرید طوفان)

○ بلا تبصرہ!

تمام منشی (رشوت خور) افسر قتل کردیں گے۔ ان کی گاڑیاں نذرِ آتش اور انکی بیٹیوں کے چہرے تیزاب

پیننگ کر مسخ کردیں گے (چیف جسٹس سندھ ہائیکورٹ کے نام ایک خط)

○ جب عوام تنگ آجائیں تو ایسے ہی ہوتا ہے۔

ملتان: خاتون لیگی رہنما کی بیٹی نے امتحانی کاپی پھاڑ کر نگران کے منہ پر دے ماری۔ (ایک خبر)

○ لیگ زادی نے امتحانی سنٹر کو اسمبلی ہال بنا دیا۔

پولیس عوام کو باقاعدہ لوٹنے لگی۔ دو ڈاکو اہل کار گرفتار۔ (ایک خبر)

○ کلمۂ امن........ پولیس ختم، جرائم ختم

قیامت کو نہیں مانتی۔ (ریشماں)

○ یہی تو قیامت ہے۔

نقل روکنے کے لئے لاہور بورڈ نے میٹرک کے امتحان میں رینجرز بلوا لئے۔ (ایک خبر)

○ ہم ایسی سب کتابیں قابل ضبطی سمجھتے ہیں
کہ جن کو پڑھ کے بیٹے باپ کو خبطی سمجھتے ہیں

سرگودھا میں تین ڈاکے۔ ایک ڈاکو واردات کے دوران پکڑا گیا (ایک خبر)

○ واردات سے پہلے بتا کر نہیں گیا تھا۔

مخدوم سجاد حسین قریشی کی قل خوانی اور شاہ محمود کی دستار بندی۔ (ایک خبر)

○ لٹ گیا دین خانقاہوں میں

وزیر اعلیٰ انسپکشن ٹیم کا سیکشن آفیسر رشوت لیتے ہوئے رنگے ہاتھوں گرفتار۔ (ایک خبر)

○ رشوتوں سے پلے ہوئے بچے
کتنی جلدی جوان ہوتے ہیں

اب صوبہ سرحد کا نام صوبہ "پختون خواہ" ہے (ولی خان)

○ وئی وئی وئی، ڈغ ڈغ ڈان .... ولی خان، ولی خان

اے این پی اور مسلم لیگ میں علیحدگی ہو گئی۔ (ایک خبر)

○ لائی بے قدراں نال یاری تے ٹٹ گئی تڑک کر کے......

جماعت اسلامی، مسلمانوں کے لئے نقصان دہ جماعت ہے (پیر پگاڑا)

○ آپ کے لئے تو نہیں ہے۔